نوٹ: کل چھ سوال حل کریں سوال نمبر 10 لازمی ہے اس کے 10 نمبر ہیں باقی ہر سوال کے 18 نمبر ہیں۔

سوال نمبر 1: سائنس کی ترقی کیلئے کام کرنے والے تین مسلمان سائنس دانوں کے کارنامے لکھئے۔

سوال نمبر 2: معدنیات کسے کہتے ہیں؟ پاکستان میں کون کون سی معدنیات پائی جاتی ہیں اور کہاں کہاں ملتی ہیں؟

سوال نمبر 3: جدید ٹیکنالوجی ہمارے ماحول کو اپنے مضر اثرات سے کس طرح آلودہ کررہی ہے وضاحت کریں۔

سوال نمبر 4: مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی دو کا فرق بیان کریں۔

(۱) حرکی توانائی اور مخفی توانائی (۲) قیام پذیر اور غیر قیام پذیر ایٹم

(۳) بایوٹیکس اور اے بایوٹیکس (۴) پروٹان اور نیوٹران

سوال نمبر 5: نشہ آور چیزوں کے استعمال سے انسانی صحت اور جسم پر کیا اثرات پڑتے ہیں؟

سوال نمبر 6: گلنے اور سڑنے والے عمل کے فائدے اور نقصانات بیان کریں۔

سوال نمبر 7: مندرجہ ذیل میں سے کسی دو پر مختصر نوٹ لکھیں۔

(۱) پلاسٹر آف پیرس (۲) کمپیوٹر (۳) وائرس (۴) پیٹرولیم

سوال نمبر 8: نائٹروجن کے چکر کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ شکل بنا کر واضح کریں۔

سوال نمبر 9: سیمنٹ کی بناوٹ اور اس کا استعمال بیان کریں۔

سوال نمبر 10: مندرجہ ذیل میں سے کوئی بھی پانچ خالی جگہوں کو پر کریں۔

(۱) پودا اپنی خوراک .... توانائی سے تیار کرتا ہے۔

(۲) المناظر .... پر پہلی کتاب ہے۔

(۳) بنیادی طور پر پاکستان ایک .... ملک ہے۔

(۴) ہم .... گیس سانس کے ذریعہ باہر خارج کرتے ہیں۔

(۵) انسانی خلیہ میں .... فیصد پانی پایا جاتا ہے۔

(۶) وزن کے لحاظ سے پروٹان اور .... تقریباً برابر ہوتے ہیں۔

(۷) ہمارے جسم کے غدود اعلیٰ کا نام .... ہے۔

(۸) وائرس کا لفظی مطلب .... ہے۔

(۹) وٹامن "ڈی" کی کمی .... بیماری پیدا کرسکتی ہے۔

(۱۰) پیٹرولیم .... کا ذریعہ ہے۔